بسم اللہ الرحمن الرحیم

# حفظ قرآن ایک نعمت عظمیٰ

قرآن مجید حق تعالیٰ کی عظیم کتاب ہے، خالق کائنات متکلم حقیقی کا یہ کلام بھی مخلوق نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی صفت قدیم ہے، تمام آسمانی کتابوں میں عظیم تر، تمام احکام الہیہ کی جامع، بزرگی و تقدس میں سب سے ارفع و اعلیٰ مقام کی حامل،

جس کے نازل کرنے کے لئے جو فرشتہ منتخب کیا وہ تمام فرشتوں میں سب سے افضل، جو نبی منتخب کئے گئے وہ تمام انبیاء کے سردار، جو مہینہ منتخب کیا گیا (رمضان المبارک) وہ تمام مہینوں کا سردار...... جو رات منتخب کی گئی وہ تمام راتوں سے افضل، جو زبان منتخب کی گئی وہ تمام زبانوں کی سردار اور جو امت منتخب کی گئی وہ تمام امتوں میں اعلیٰ و ارفع امت ہے۔

اس کتاب میں جو سیاہی استعمال کر لی جائے اور جو کاغذ اس میں لگ جائے اس کا یہ مقام ہے کہ لا یمسہ الا المطھرون (یعنی بغیر پاکی حاصل کئے ہوئے اس کو ہاتھ بھی مت لگاؤ) حتیٰ کہ جو کپڑا بطور چولی اور جزدان کے استعمال ہو وہ تمام کپڑوں میں باعث فخر و مباہات ہے۔

تو جس دماغ نے اس کو سمجھا، جس حافظے نے اس کو اپنے اندر سمویا، جس زبان نے اس کی تلاوت کی، جس کان نے اس کی سماعت کی اور جو قلب اس کی طرف متوجہ ہوا کائنات عالم میں سب سے زیادہ خیر اور فضیلت کا مصداق کیوں نہ قرار دیا جائے۔ اسی کو حدیث مبارکہ میں فرمایا گیا کہ خیرکم من تعلم القرآن و علمہ (تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو قرآن مجید سیکھے اور سکھائے)

کائنات عالم کا وہ جوہر بیداد جس کی تمام صلاحیتیں قرآن مجید سیکھنے، سکھانے، پڑھنے پڑھانے میں صرف ہو گئیں یقیناً دنیا و آخرت کی تمام فضیلتیں و منقبتیں اس کے لئے مختص ہیں۔ ارشاد پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ہے اشراف امتی حملۃ القرآن و اصحاب اللیل (جامع صغیر ص ۱۳۱ ج ۱) اگر اس کے والدین کو قیامت میں ایسا تاج پہنایا جائے گا جس کی روشنی آفتاب کی روشنی سے زیادہ ہو گی تو خود اس آفتاب عالم تاب کو کیا اعزاز دیا جائیگا اس کا اندازہ کون لگا سکتا ہے؟

کلام خداوندی کا یہ ترجمان اللہ کی صفت کلام کا محافظ و مبلغ، جس کی سفارش خاندان کی دس پشتوں کی نجات کا ذریعہ، جس کی خاک پا بادشاہوں کی آنکھوں کا سرمہ، جس کی رفعت و منزلت ورتل اقرا وارتق ورتل کہ جسے خالق کائنات خود حکم دے کہ قرآن سناؤ ہر آیت پر تم کو جنت کا ایک درجہ دیا جائے گا اور جنت میں تیرا مقام وہ ہو گا جہاں تو پڑھتا پڑھتا خود ٹھہر جائے۔ کیا ٹھکانہ ہے، جنت کی رفعتیں گویا ہاتھ میں دے دی گئیں، کلام اللہ کی قبر میں سفارش کو مقدر بنا دیا گیا...... یہ تمام فضیلتیں اور منقبتیں یہ تمام اعزاز و اکرام حفظ قرآن ہی کے ثمرات تو ہیں۔

حفظ قرآن میں مشغول ہو جانے والا بچہ اگر تمام تر خیر و فضل کو اپنے دامن میں سمیٹ لیتا ہے تو تمام تر تقدس و بزرگی بھی اس کی پیشانی میں جمع ہو جاتی ہے۔ اس لئے قابل صد احترام ہے یہ بچہ استاد کے لئے بھی اور والدین کے لئے بھی۔

ہیں ان میں سے آپ ۸ جگہ سے سننا چاہتے ہیں اور یاد کے کل نمبر ۵۰ ہیں تو ایک غلطی پر ۶ نمبر کٹ جائیں گے دو غلطیوں پر ۱۲ کٹ گئے علی ہذا القیاس جتنے نمبر بھی اس کو ملیں گے وہ اس کا حق ہوگا۔

ب۔ اسی طرح ادا کے نمبروں کو پہلے تقسیم کریں کہ کل ۵۰ ان کو تقسیم کرنے کے لئے ضابطہ یہ ہے کہ جن حروف کی ادائیگی کو جانچا جاتا ہے وہ یہ ہیں ث ح خ ذ ز س ش۔ ص ض ط ظ ع غ ق۔ ان میں سے ذ ز ظ میں سے کوئی ایک آواز تو ضرور نکالے گا دو میں کمی ہوگی اسی طرح ث س ص میں سے ایک تو نکالے گا دوسرے دو میں غلطی ہوگی اس طرح غلطی کا احتمال ۱۰ حرفوں میں ہے حرفوں کے مخارج کے علاوہ معروف و مجہول اور مد و قصر کی غلطی بھی ہوتی ہے اس لئے کل نمبروں کو ادائیگی جانچنے کے لئے ہمیشہ ۱۲ پر تقسیم کیا جاتا ہے کل ۵۰ ہوں تو ایک غلطی پر صرف ۴ نمبر کٹتے ہیں۔

اس طرح نمبر لگانے میں کبھی غلطی کا احتمال نہیں ہوتا اور کسی بچہ کے ساتھ ناانصافی کا شائبہ بھی باقی نہیں رہتا۔

(۴) سوال کرنے سے قبل بچہ کو مانوس کرنا چاہئے خوف زدہ نہیں کرنا چاہئے۔

(۵) سوال میں دانستہ مشکل مقامات یا متشابہات کا انتخاب نہیں کرنا چاہئے۔

(۶) غلطی آنے پر فوراً اس کو غلطی تصور نہ کرے بلکہ حتی المقدور بچہ کی مدد کرے خواہ پیچھے سے پڑھوا کر یا ایک دو لفظ بتا کر۔ بالکل ہی نہ چل سکے تب غلطی تصور کی جائے۔

(۷) نتیجہ حتی المقدور بچوں سے مخفی رکھا جائے قبل از وقت معلوم ہونے سے کم نمبر والوں کی تحقیر ہوتی ہے۔

(۸) نمبر لگاتے وقت یہ بات ملحوظ رہے کہ آپ جواب میں غلطی کی نشاندہی کریں گے اور جس غلطی کے نمبر کاٹے ہیں اس کی معقول وجہ آپ کے پاس ہو۔

مشرف علی تھانوی

مہتمم دار العلوم الاسلامیہ لاہور